بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الاختبار الضمنی لشهادة العالمية "السنة الأولى" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الاولى : العقائد والکلام** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ....عقائد نسفیہ

سوال نمبر 1: (الف) حواسِ خمسہ کن کو کہتے ہیں؟ نیز خبر صادق کی اقسام بیان کر کے ہر قسم کی تعریف کریں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے کوئی پانچ صفات بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2: (الف) گناہ کبیرہ سے انسان مؤمن رہتا ہے یا نہیں؟ حرام کو رزق کہنا درست ہے یا نہیں؟ استطاعت کا کیا مطلب ہے؟ ۵x۳=۱۵

(ب) خلافت کی کتنی مدت تھی؟ مسلمانوں کے لئے امام (حکمران) کا ہونا کیوں ضروری ہے؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 3: (الف) قیامت کی کیا علامات ہیں؟ خاص انسان، فرشتوں کے رسول اور عام انسانوں میں سے کون کس سے افضل ہے؟ ۸+۷=۱۵

(ب) اولیاء کرام سے کس کس طرح کی کرامات کا ظہور ہو سکتا ہے؟ ۱۰

حصہ دوم .....الحق المبین

سوال نمبر 4: (الف) اہل سنت کے کن علماء نے خارجی فتنوں کا مسلسل مقابلہ کیا؟ تقویۃ الایمان کا کس سنی عالم نے رد لکھا؟ ۱۵

(ب) تعظیم رسول ﷺ پر قرآن مجید کی کوئی دو آیتیں لکھ کر ان کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 5: (الف) کیا توہین کا تعلق واقعیت پر ہوتا ہے؟ مدلل و مفصل بیان کریں۔ ۱۵

(ب) بعض علوم کو برا کہہ کر رسول اللہ ﷺ کی ذات سے اس کی نفی کرنا کیسا ہے؟ وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6: (الف) دیوبندی تہذیب کا ایک مختصر نمونہ الحق المبین کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۵

(ب) "کذب" باری تعالیٰ کی قدرت کے تحت داخل ہے یا نہیں؟ اہل سنت کا عقیدہ مفصلاً قلمبند کریں۔ ۱۰

پرچہ نمبر 2

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

عالیہ سال اول

الاختبار الضمنی للشهادة العالمية "السنة الأولى" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الثانية: المیرث** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (الف) موانع ارث کتنے اور کون کون سے ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵=۱۲+۳

(ب) تصحیح کے کل کتنے مسائل ہیں کسی ایک مسئلہ کی مثال سے وضاحت کریں۔ ۱۵=۱۲+۳

سوال نمبر 2: (الف) جد صحیح کی تعریف کر کے بتائیں کہ شوہر کی کل کتنی اور کون کون سی حالتیں ہیں؟ ۱۵=۱۰+۵

(ب) صلبی بیٹی اور پوتی کے احوال وراثت قلمبند کریں۔ ۱۵=۱۰+۵

سوال نمبر 3: (الف) عصبہ بنفسہ کی تعریف کریں اور بالترتیب اس کے افراد بیان کریں ۱۵=۸+۷

(ب) تداخل، تماثل اور توافق کی تعریف کریں۔ ۱۵=۵x۳

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے کوئی چار صورتیں حل کریں۔ ۴۰=۱۰x۴

(الف) بیوی والد

میت

(ب) دادا بیوی ماں

میت

(ج) بھائی بیٹا دادا

میت

(د) بھائی بہن

میت

(ھ) چچا والدہ ۵ بیٹیاں

میت

(و) شوہر بیٹا باپ

میت

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الاختبار الضمنی للشهادة العالمية "السنة الأولى" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الثالثة: الفقه | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1: ولاينعقد نكاح المسلمين الابحضور شاهدين حرين عاقلين بالغين مسلمين رجلين او رجل وامرأتين عدولا كونوااوغير عدول اومحدودين فى القذف

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے مذکورہ ہر شرط کی اس طرح تشریح کریں کہ اگر کسی شرط میں ائمہ کا اختلاف ہو تو وہ واضح ہو جائے۔ ۷+۱۵=۲۲

(ب) اگر کوئی شخص کسی عورت کو شہوت سے ہاتھ لگالے تو اس سے حرمت مصاہرت ثابت ہو جائے گی یا نہیں؟ ائمہ کا موقف بالدلیل بیان کریں۔ ۱۲

سوال نمبر 2: ولواستأذن الثيب فلابد من رضاها بالقول لقوله عليه السلام الثيب تشاور ولان النطق لايعد عيبا منها وقل الحياء بالممارسة فلامانع من النطق فى حقها

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں نیز اگر زنا سے پردۂ بکارت زائل ہو جائے تو وہ عورت ائمہ کے نزدیک ثیبہ کہلائے گی یا باکرہ؟ ۶+۱۲=۱۸

(ب) نکاح کے وقت باکرہ کی کن صورتوں میں رضامندی اور کن صورتوں میں عدم رضا سمجھی جائے گی؟ ۱۵

سوال نمبر 3: فاذا غاب الولى الاقرب غيبة منقطعة جاز لمن هو ابعد منه ان يزوج وقال زفر لايجوز لان ولاية الاقرب قائمة لانها ثبتت حقا له صيانة للقرابة فلاتبطل بغيبة ولهذا لوزوجها حيث هو جاز ولاولاية للابعد مع ولايته

(الف) عبارت کا ترجمہ تحریر کر کے امام زفر کی دلیل کا جواب دیں نیز دیگر ائمہ احناف کی دلیل بیان کریں۔ ۵+۵+۸=۱۸

(ب) اگر والد صغیرہ کے نکاح میں مہر گھٹا دے یا صغیر کے نکاح میں اس کی بیوی کا مہر بڑھا دے تو کیا حکم ہے؟ ائمہ کا موقف قلمبند کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 4: وللمرأة ان تمنع نفسها حتى تأخذالمهر وتمنعه ان يخرجها اى يسافربها ليتعين حقها فى البدل كما تعين حق الزوج فى المبدل وصار كالبيع وليس للزوج ان يمنعها من السفر والخروج من منزله وزيارة اهلها حتى يوفيها المهر كله

(الف) عبارت کا ترجمہ کر کے مذکورہ مسئلہ کی وضاحت کریں۔ ۸+۱۰=۱۸

(ب) اگر نکاح کے بعد میاں بیوی کا مہر کی رقم میں اختلاف ہو گیا تو کس کا قول معتبر ہوگا؟ ائمہ کا موقف بالدلیل بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 5: (الف) طلاق کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں ہر قسم کی تعریف کریں۔ ۱۸

(ب) نشہ کی حالت میں دی ہوئی طلاق، مکرہ کی طلاق اور گونگے کی اشارہ سے دی ہوئی طلاق کا کیا حکم ہے؟ ۵x۳=۱۵

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الاختبار الضمنی للشهادة العالمية "السنة الأولیٰ" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الرابعة : لمسند الامام الاعظم و آثار السنن** | **مجموع الأرقام: ۱۰۰**

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ....مسند امام اعظم

سوال نمبر 1: عن ابی الزبیر قال قلت لجابر بن عبدالله ما کنتم تعدون الذنوب شرکا قال لا قال ابو سعید قلت یا رسول الله ﷺ هل فی هذه الامة ذنب یبلغ الکفر قال لا الا الشرک بالله

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں اور اس طرح تشریح کریں کہ خوارج کا واضح رد ہو جائے۔ ۸+۷=۱۵

(ب) مذکورہ حدیث کے خط کشیدہ صیغے بیان کریں نیز مسند امام اعظم کی روشنی میں یہودی کے بیمار لڑکے کی تیمارداری کا واقعہ قلمبند کریں۔ ۶+۴=۱۰

سوال نمبر 2: ان رسول الله ﷺ قال یخرج الله تعالیٰ قوما من الموحدین من النار بعد ما امتحشوا و صاروا فحما فیدخلهم الله تعالی الجنة فیستغیثون الی الله تعالی مما تسمیهم اهل الجنة الجهنمیین فیذهب الله تعالی عنهم ذالک

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) مقام محمود پر ایک مفصل اور مدلل مضمون قلمبند کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 3: عن عبدالله بن مسعود قال قال رسول الله ﷺ یجمع الله العلماء یوم القیمة فیقول انی لم اجعل حکمتی فی قلوبکم الا وانا ارید کم الخیر اذهبوا الی الجنة فقد غفرت لکم علی ما کا ن منکم

(الف) اعراب لگا کر حدیث کا ترجمہ و تشریح کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) علم دین پڑھنے والے / والی کی فضیلت پر کوئی دو حدیثیں قلمبند کریں۔ ۱۰

حصہ دوم ....آثار السنن

سوال نمبر 4: عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ فاذا قمت الی الصلوة فاسبغ الوضوء ثم استقبل القبلة فکبر

(الف) اعراب لگا کر حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ سواری پر نماز پڑھ رہے ہوں تو بھی قبلہ رخ شرط ہے یا نہیں؟ ۸+۷=۱۵

(ب) آثار السنن کی روشنی میں مسجد کی اور مسجد میں نماز پڑھنے کی فضیلت پر کوئی ایک ایک حدیث بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 5: عن وائل بن حجر انه رای النبی ﷺ رفع یدیه حین دخل فی الصلوة و کبر ثم التحف بثوبه ثم وضع الیمنی علی الیسری

(الف) حدیث شریف ترجمہ کر کے دلیل کے ساتھ بتائیں کہ احناف کے نزدیک نماز میں مرد ہاتھ کہاں باندھے؟ ۸+۷=۱۵

(ب) امام کے پیچھے قرآت نہ کرنے پر کوئی دو دلیلیں دیں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 6: عن ابن عمر قال من سنة الصلاة ان تنصب القدم الیمنی واستقباله باصابعها القبلة والجلوس علی الیسری

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں، نیز تشہد (التحیات سے عبده ورسوله تک) لکھ کر اس کا ترجمہ تحریر کریں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) جماعت سے نماز پڑھنے کی اہمیت پر اور نماز کے بعد ذکر کرنے کے جواز پر ایک ایک حدیث بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الاختبار الضمنی لشهادة العالمية "السنة الأولىٰ" للطالبات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الخامسة: للمؤطين | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ..... مؤطا امام مالک

سوال نمبر 1: مالک عن نافع ان عبدالله بن عمر لم یکن یسأله احد من اهله عقیقة الا اعطاه ایاها و کان یعق عن ولده بشاة شاة عن الذکور و الاناث

(الف) روایت کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ عقیقہ کا جانور کس طرح کا ہونا چاہیے اس کیلئے کیا شرائط ہیں؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) عقیقہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ حضرت حسنین رضی اللہ عنہما اور آپ کی ہمشیرگان کی ولادت پر کتنا صدقہ کیا گیا تھا؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 2: عن نافع ان صفیة بنت ابی عبید اخبرته ان حفصة ام المؤمنین ارسلت بعاصم بن عبدالله بن سعد الی اختها فاطمة بنت عمر بن الخطاب ترضعه عشر رضعات لیدخل علیها وهو صغیر یرضع ففعلت فکان یدخل علیها

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کر کے اس طرح تشریح کریں کہ خط کشیدہ کے ساتھ احناف کا مؤقف بھی واضح ہو جائے۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) رضاعت کا لغوی و اصطلاحی معنی بیان کریں نیز رضاعت کبیر کے بارے ازواج مطہرات کا کیا مؤقف تھا؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 3: عن ابن شهاب انه اخبره ان رجلا اعترف علی نفسه بالزنی علی عهد رسول الله ﷺ وشهد علی نفسه اربع مرات فامر به رسول الله ﷺ فرجم

(الف) روایت کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کے بارے بتائیں کہ اس گواہی کی تصریح کیوں کی گئی؟ ۷+۸=۱۵

(ب) حضرت ماعز بن مالک کے سنگسار کیے جانا کا واقعہ بیان کریں نیز بتائیں کہ حاملہ زانیہ کو سنگسار کرنے کا کیا حکم ہے؟ ۵+۵=۱۰

حصہ دوم ..... مؤطا امام محمد

سوال نمبر 4: اخبرنا مالک اخبرنا اسحاق بن عبدالله بن ابی طلحة عن انس بن مالک قال کنا نصلی العصر ثم یخرج الانسان الی بنی عمرو بن عوف فیجدهم یصلون العصر

(الف) حدیث کا ترجمہ کر کے مؤطا امام محمد کی روشنی میں عصر کا اول و آخر وقت بیان کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) وضو میں اعضاء کو تین تین بار، دو دو بار یا ایک ایک بار دھونے کے بارے احناف کا کیا مؤقف ہے؟ ۱۰

سوال نمبر 5: قال محمد لا بأس بان تتوضأ المرأة وتغتسل مع الرجل من اناء واحد ان بدت قبله او بدأ قبلها وهو قول ابی حنیفة

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور امام محمد کے قول کی حدیث سے دلیل دیں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) مؤطا امام محمد کی روشنی میں بیان کریں کہ نکسیر سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ ائمہ کا مؤقف مع الدلیل بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6: عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ قال اذا امن الامام فامنوا فانه من وافق تأمینه تأمین الملئکة غفرله ماتقدم من ذنبه

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز امام اور مقتدی میں سے کون آمین کہے اور کون نہ کہے؟ ائمہ کا مؤقف تحریر کریں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) عدم رفع یدین اور نماز میں صفیں سیدھی رکھنے پر کوئی ایک ایک دلیل دیں۔ ۱۰